سوال

(515)جو مسلمانوں مال رکھ کر کسی مسلمان کی عزت نہیں بچاتا الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جو مسلمانوں مال رکھ کر کسی مسلمان کی عزت نہیں بچاتا حالانکہ وہ مسلمان زیور، قرآن وحدیث ضمانت وگرو میں دیتا ہے ، وہ مالدار خدا کے نزدیک کیسا ہے ،

(علی حسن خان از برہنڈہ)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قرض خواہ کو قرض دینا دینے والے کی رائے پر ہے اس لئے اس امر میں فتوی شرعی یہی ہے کہ حتی الوسع مسلمان ، مسلمان کی امانت کرے تو اجر عظیم کا حق دار ہوگا لیکن سوال سے یہ معلوم نہیں ہواکہ قرض خواہ کیسا ہے ادا کرنے والا ہے یا لے کر کھا ہی جاتا ہے اس لئے جب تک اس کا حال معلوم نہ ہو، فتوی مکمل نہیں ہوسکتا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2ص469

محدث فتویٰ